بٹیر فارمنگ

Ph: +92-51-5836313, 51-2830591
Email: info@biofruitpakistan.com
Web: www.biofruitpakistan.com.pk

بٹیر کا گوشت انتہائی لذیذ اور پسندیدہ انسانی خوراک ہے۔ اس کا گوشت غذائی اعتبار سے بہترین اور زود ہضم ہے۔ آج کل ان کی کھپت اور مانگ میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ اس لیے اس کاروبار میں ترقی کے روشن امکانات ہیں۔



بٹیر کی نسلیں

اس وقت دنیا میں کی تقریباً 50 نسلیں پائی جاتی ہیں۔ چند مشہور نسلیں مندرجہ ہیں۔

گولڈن ۔ شاملی ۔ سیاہ بوب ۔

سفید بوب ۔ پہاڑی ۔ دیسی ۔ کوٹرنکس ۔

تجارتی نقطہ نظر سے کوٹرنکس نسل زیادہ منافع بخش ہے۔ یہ نسل بڑی تیزی سے وزن میں اضافہ کرتی ہے اور 5 ہفتوں میں یہ بٹیر کھانے کے قابل ہو جاتا ہے۔ اس نسل کی مادہ بٹیر 8 ہفتے کی عمر میں انڈے دینے شروع کر دیتی ہے اور تقریباً ایک سال میں 280 انڈے دیتی ہے۔

بٹیر فارمنگ کے لیے مندرجہ ذیل چیزوں کا خیال رکھنا انتہائی ضروری ہے تاکہ اس کاروبار میں زیادہ سے زیادہ منافع حاصل کیا جا سکے۔ ہمیشہ صحت مند بٹیر چوزوں کا انتخاب کریں۔ کمزور چوزے ہرگز نہ ڈالیں۔

پہلے ہفتے شیڈ کا درجہ حرارت 95°F رکھیں۔ اس کے بعد ہر ہفتہ 5 ڈگری کم کرتے جائیں اور 85°F پر برقرار رکھیں۔

- چوزوں کو پہلے ہفتے باریک خوراک دیں۔
- چوزوں کو پہلے 4 ہفتے ایک گھنٹہ کا وقفہ دیتے ہوئے مسلسل روشنی دیں۔
- پہلے ہفتہ میں بچھالی پر ردی کاغذ کی بجائے ململ کا کپڑا بچھائیں تاکہ چوزے پاؤں سے اچھی طرح گرفت کر سکیں اور پھسل کر لنگڑے ہونے سے بچ جائیں۔
- شروع کے دو ہفتوں میں فی چوزہ 8 مربع انچ جگہ دیں اور جوان بٹیروں کو 20 سے 25 مربع انچ جگہ دیں۔
- بچھالی کے طور پر چاول کا چھلکا یا ریت استعمال کرنی چاہیے۔
- تازہ ہوا کا مناسب انتظام رکھیں اور متوازن خوراک دیں۔
- صاف پانی 24 گھنٹے مہیا کریں۔

خوراک

بٹیر چوزوں کو پہلے 20 دن تک 28 فی صد خام لحمیات والی اور مزید 20 دن تک 25 فی صد خام لحمیات والی خوراک دینی چاہیے۔ نسل کشی کے لیے رکھے جانے والے بریڈر پرندوں کو 20 فی صد خام لحمیات والی خوراک دینی چاہیے۔

بٹیروں کی اہم بیماریاں

خونی پیچش	سفید اسہال	میریکس
نمونیا	آنتوں کی سوزش	وٹامن کی کمی
طفیلی کرم		



فرش پر فی فلاک پانچ ہزار بٹیر پالنے کی سکیم (سال میں 7 فلاک)

A مستقل اخراجات (روپے)

ایک عدد شیڈ 40x20 فٹ بحساب 300 روپے فی مربع فٹ	2,40,000/-
خوراک، پانی کے برتن بروڈر، بجلی کا سامان	40,000/-
متفرق اخراجات	15,000/-
کل اخراجات (A)	2,95,000/-

B دوران پرورش اخراجات فی فلاک

5000 بٹیر چوزے (ایک دن کے) بحساب 10 روپے فی چوزہ	50,000/-
1650 کلوگرام خوراک بحساب 45 روپے فی کلوگرام	74,250/-
بجلی ادویات 2 روپے فی چوزہ	10,000/-
ایک ملازم تنخواہ بحساب 6000 روپے ماہوار	9,000/-
ٹوٹ پھوٹ بحساب 10 فی صد سالانہ (فی فلاک)	3,690/-
میزان جاری اخراجات (B) (فی فلاک)	1,46,940/-

C آمدن

4,750 بٹیر بحساب 40 روپے فی بٹیر	1,91,000/-
فیڈ کی خالی بوریاں	250/-
کل آمدن (C)	1,91,250/-

D منافع فی فلاک (C-B) — 43,310/-

E سالانہ منافع (7 فلاک) — 3,03,170/-

بائیوآئل فروٹ پاکستان اپنے کسان بھائیوں کیلئے مزید رہنمائی فراہم کرتا ہے۔

مزید معلومات، مشاورت فنی اور تکنیکی سہولیات کیلئے نیچے دیئے گئے درج ذیل نمبرز پر رابطہ کریں۔

BIO OIL FRUIT

Ph: +92-51-5836313, 51-2830591, Cell: +92-300-6909342
Email: info@biofruitpakistan.com | Web: www.biofruitpakistan.com.pk